08-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	مطالعہ تفسیر	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	ترجمة و تفسیر کورس (السنة الثانیة)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "تفسیر مظہری" کے مصنف کا نام ہے:

(الف) ثناء اللہ (ب) ضیاء اللہ (ج) حمد اللہ (د) حماد اللہ

2۔ "تفسیر مظہری" سے یہ سورتیں نصاب میں شامل ہیں:

(الف) النور (ب) الاحزاب (ج) الحجرات (د) تینوں

3۔ غیر شادی شدہ زانی کی سزا ہے:

(الف) 40 کوڑے (ب) 60 کوڑے (ج) 80 کوڑے (د) 100 کوڑے

4۔ بلا اجازت کسی کے گھر میں داخل ہونا ہے:

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) بدعت (د) گمراہی

5۔ خواتین کا اپنے بناؤ سنگھار کو ان کے لیے ظاہر کرنا جائز ہے:

(الف) شوہر (ب) باپ (ج) بیٹا (د) تینوں

6۔ کفار کے اعمال کی مثال ہے:

(الف) پانی (ب) دودھ (ج) سراب (د) مٹی

7۔ "تہ بہ تہ" یہ معنی ہے:

(الف) خلال کا (ب) رکامرکا (ج) سحاب کا (د) رتقا کا

8۔ غزوہ احزاب اس سن ہجری میں ہوا:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

9۔ "كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا" میں "الکتاب" سے مراد ہے:

(الف) قرآن مجید (ب) انجیل (ج) زبور (د) صحیفہ

10۔ غزوہ احزاب کا دوسرا نام ہے:

(الف) خندق (ب) احد (ج) بدر (د) حنین

ورق الٹیے

11۔خندق کی کھودائی میں حضرت سلمان فارسی اتنے بندوں کے برابر کام کرتے تھے:

(الف) 5 (ب) 6 (ج) 7 (د) 10

12۔غزوہ خندق میں اتنے کفار مارے گئے:

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

13۔"جیامی" کا معنی ہے:

(الف) گھر (ب) حویلی (ج) میدان (د) قلع

14۔بنی قریظہ کو قتل کیا تھا:

(الف) حضرت علی (ب) حضرت زبیر (ج) دونوں (د) حضرت سعد

15۔آخری قعدہ میں درود شریف پڑھنا فرض ہے:

(الف) امام اعظم کے ہاں (ب) امام شافعی کے ہاں (ج) امام مالک کے ہاں (د) امام احمد بن حنبل کے ہاں

16۔"حجرات" یہ جمع ہے:

(الف) حجرۃ کی (ب) حجر کی (ج) دونوں کی (د) حاجرۃ کی

17۔دیہات میں عید کی نماز سے قبل قربانی کرنا جائز ہے یہ موقف ہے:

(الف) امام اعظم کا (ب) امام شافعی کا (ج) امام مالک کا (د) امام احمد بن حنبل کا

18۔زکوۃ دینے سے انکار کیا تھا:

(الف) بنی تمیم نے (ب) بنی سعد نے (ج) بنی بکر نے (د) بنی کعب نے

19۔"عندالاحناف" ایمان نام ہے:

(الف) اقرار کا (ب) عمل کا (ج) تصدیق قلبی کا (د) تینوں کا

20۔غیبت کرنا ہے:

(الف) حرام (ب) مکروہ تحریمی (ج) مکروہ تنزیہی (د) اساءت

08-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	مطالعہ تفسیر	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	ترجمۃ و تفسیر کورس (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): ______ رول نمبر (لفظوں میں): ______________

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ شادی شدہ زانی کی سزا کیا ہے؟ تحریر کریں۔
2۔ "اللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ" کا مفہوم "تفسیر مظہری" کی روشنی میں لکھیں۔
3۔ لعان سے کیا مراد ہے؟ اس کا طریقہ تحریر کریں۔
4۔ "سورۃ النور" میں پردے کے احکامات جو ذکر کئے گئے ہیں مختصراً تحریر کریں۔
5۔ کیا زانی مرد یا عورت سے شادی کرنا جائز ہے؟ تفسیر مظہری کی روشنی میں لکھیں۔
6۔ بہتان سے کیا مراد ہے؟ اس کی سزا بھی تحریر کریں۔
7۔ "رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ" ترجمہ کریں۔
8۔ بارش کیسے برستی ہے؟ سور نور کی روشنی میں تحریر کریں۔
9۔ "سورۃ النور" میں کسی کے گھر داخل ہونے کے آداب بتائے گئے ہیں تحریر کریں۔
10۔ "سورۃ الاحزاب" کی وجہ تسمیہ تحریر کریں۔
11۔ "يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ" کا شان نزول لکھیں۔
12۔ "اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ خندق کی کھودائی کا مشورہ کس نے دیا تھا؟ وضاحت کریں۔
2۔ "وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا" ترجمہ کریں۔
3۔ غزوہ بنی قریظہ پر مختصراً تحریر کریں۔
4۔ حضرت سعد بن معاذ کی فضیلت میں ایک حدیث شریف لکھیں۔
5۔ "اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ" یہاں اہل بیت سے کون مراد ہے؟ حدیث لکھیں۔
6۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے تو تھے تو پھر "مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ" میں آپ کی ابوت کی نفی کیوں کی گئی؟
7۔ "اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ" میں امانت سے کیا مراد ہے کوئی سے دو اقوال لکھیں؟
8۔ "سورۃ الحجرات" کے شروع میں آداب نبوی جو ذکر کیے گئے مختصراً تحریر کریں۔
9۔ حضرت ثابت کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟ تفسیر مظہری کی روشنی میں تحریر کریں۔
10۔ تفسیر مظہری" میں باغیوں سے متعلق مذکور مسائل میں سے دو لکھیں۔
11۔ غیبت سے کیا مراد ہے؟ اس کا حکم شرعی تحریر کریں۔
12۔ "اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ" ترجمہ کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. "مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ" آیت کا ترجمہ اور تشریح تفسیر مظہری" کی روشنی میں تحریر کریں۔
ii. تفسیر مظہری" کی روشنی میں غزوہ احزاب پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیں کہ جس سے اس کے اسباب، واقعات اور نتائج واضح ہو جائیں۔
iii. تفسیر مظہری" کی روشنی میں درود و سلام کی فضیلت و کیفیت پر ایک تفصیل سے نوٹ لکھیں۔

ورق الٹئے

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ

(الف) آیت کا ترجمہ اور تشریح کریں۔

(ب) دور حاضر میں سوشل میڈیا کی خبروں پر بلا تحقیق یقین کرنا اور آگے شئیر کرنا کیسا ہے؟ اپنا موقف مدلل انداز میں تحریر کریں۔

ii. "اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فِى الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ"

(الف) آیت کا ترجمہ اور تشریح کریں

(ب) سوشل میڈیا پر بے حیائی پر مشتمل مواد کو شئیر کرنا بھی اس زمرے میں آتا ہے یا نہیں؟ اپنا موقف مدلل انداز میں تحریر کریں۔

iii. "لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖۤ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ" آیت کا ترجمہ کرنے کے بعد تفسیر مظہری" کی روشنی میں اس کی تشریح تحریر کریں۔